# حیسکو پریس رلیز مورخہ 26.11.2021

## حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیمانی پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ حیدرآباد، میرپورخاص، سکرنڈ، دوڑ سب ڈویژنوں کے علاقوں وگردونواح میں بجلی چوروں کے 612 کنکشن منقطع کردیئے، نادہندگان سے 3 کروڑ 55 لاکھ 32 ہزار سے زائد ریکوری کی گئی، نادہندگان کے 366 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں۔حیسکو ترجمان

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے میں سب ڈویژن شہید امید علی کے علاقوں لطیف آباد نمبر 3 ماچھی گوٹھ اور 6 نمبر لطیف آباد میں کارروائیاں کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 198 کنڈہ کنکشن کاٹے گئے، نادہندگان کے 75 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، مجموعی طور پر نادہندگان سے ایک کروڑ لاکھ 12 ہزار 23 روپے کی وصولی کی گئی ۔میرپورخاص میں کارروائی کرتے ہوئے میرپورخاص سٹی سب ڈویژن کے علاقوں سے 109 غیر قانونی کنڈہ کنکشن ہٹائے گئے ہیں اور نادہندگان کے 101 کنکشن بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی پر کاٹے گئے ہیں اور نادہندگان سے 67 لاکھ 40 ہزار 203 روپے کی ریکوری کی گئی ہے۔سکرنڈ سب ڈویژن کے علاقے سابوراہو میں چیکنگ کے دوران 151 کنڈہ کنکشن کاٹے گئے اور نادہندگان کے 98 کنکشن بھی منقطع کیئے گئے۔واجبات کی رقم میں سے ایک کروڑ 12 لاکھ روپے کی وصولی کی گئی ہے۔مزید برآں دوڑ سب ڈویژن کے علاقوں باندھی وگردونواح میں کارروائیاں کرتے ہوئے چیکنگ کے دوران بجلی کنکشن میں چوری پکڑے جانے پر فوری طور پر کنکشن منقطع کرکے 154 غیر قانونی کنکشن منقطع کیئے گئے اور نادہندگان کے 92 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، اور نادہندگان سے ایک کروڑ 15 لاکھ 300 ہزار روپے کی ریکوری بھی کی گئی ہے۔حیسکو چیف کی ہدایات پر بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، حیسکو کا نعرہ ہے کہ حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائستہ زبان کے تحت نادہندگان سے خوش اخلاقی سے بات کرتے ہوئے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کرائیں، نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی جائیں. واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔آپ کے تعاون کا متمنی۔حیسکو



حیدرآباد: حیسکو چیف عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بڑے پیمانی پر کریک ڈاؤن جاری ہے